چمن میں دے رہی بلبل صدا ہے

ترنم م او ر فصاحت سے ادا ہے

ترنم کی صدا سے دل لگا کر

ہرایک گل مست اور رنگین بنا ہے

دعاۃ الستر میں جس کے شرف کا

ذکا مانند سورج پر ضیا ہے

امام العصر کی تائید سے یہ

شہا مشکل کشا معجز نما ہے

ہرایک دل شہ کی الفت سے بھرا ہے

ہرایک لب پر شہ دیں کی ثنا ہے

جو موسی دہوندتے تھے وہ خضر کو

خضر برہان دیں ہم کو ملا ہے

یہ سرکار امامی کی نظر سے

یہ دعوت کا چمن پھولا پھلا ہے

بشر مانند ہوا پیدا زمیں پر

فرشتہ شان برہان الہدی ہے

ہووی میلاد شہ کی بزم جس کی

زیادہ خلد سے بہجت بہا ہے

ملائک حور اور ہرایک مؤمن

یہ شہ کی مدح میں صبح و مسا ہے

یانی دیکھ کر شہ کے عجائب

ہزارو جان سے ہوتا فدا ہے